رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں- ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)- مجلس ادارت-

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک تو **تسہیل الفلکیات** ہے جو پروفیسر عبداللطیف بن عبدالعزیز صاحب کی مرتب کردہ ہے اور انجنیئر محمد خالد اس کی ترتیب میں معاون رہے ہیں...... کتاب کا موضوع فلکیات ہے...... اس موضوع پر کم کتابیں لکھی گئی ہیں اور اکثر اہل قلم نے اسے خشک اور بور موضوع سمجھ کر اسے نظر انداز کیا ہے...... پیش نظر کتاب میں مولف موصوف نے تخریج اوقات اور سمت قبلہ کے قواعد کے فارمولے رویت ہلال فن فلکیات کے ضروری اصطلاحات، تقویم شمی وقمری، نظام شمسی، صبح صادق وکاذب جیسے اہم موضوعات کو آسان انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے...... جن ذیلی عنوانات پر گفتگو کی گئی ہے وہ متعدد ہیں صرف چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے...... ضروری جغرافیائی معلومات، سمندروں کی گہرائی، بحری رو، مختلف براعظموں کا حال، ہواؤں کا نظام، زمیں کا چھلکا، حرکات زمین، عرض البلد طول البلد، موجودہ گرین وچ اور قدیم جزائر خالدات، میل شمس اور اس کے درجات، مدجزر اکبر واصغر، بنیادی سمتیں، اصول مثلث، تخریج اوقات نماز، ستاروں کا حال احوال، دائر سماوی کا بیان، گریگورین کیلنڈر اور اس کی جڑیں، شفق احمر وابیض اوزون،...................... ساڑھے تین سو صفحات کی یہ مجلد کتاب مکتبہ خالد وعابد نے شائع کی ہے ملنے کا پتا:......5C-19/4 ناظم آباد کراچی فون 36618080

دوسرا تحفہ جناب علامہ محمد کامران شہزاد صاحب کی کتاب میڈیکل کے جدید مسائل (حصہ اول) کا ہے...... یہ کتاب مکتبہ النورین نے شائع کی ہے کتاب کے عنوانات میں سے چند ایک حسب ذیل ہیں...... جدید طریقہ علاج کا شرعی حکم، پلاسٹک سرجری، اندیشہ موت کے وقت دل پر انجکشن، لیزر کے ذریعہ علاج، لیوسکشن سے چربی نکالنا، کوئی عضو تلف کرانے کی شرعی حیثیت، اسقاط حمل کے اعذار، ابارشن کے بعد عدت کا حکم، انجکشن سے روزہ ٹوٹنے کا حکم، مصنوعی اعضاء کا استعمال، کلوننگ، کلون شدہ جانور کی قربانی، گردہ فروشی، باڈی اسکیٹنگ،

وغیرہ............ آسان و مختصر انداز میں جدید مسائل ذکر کئے گئے ہیں..... طلبہ کے لئے یہ کتاب خاصی مفید ہے.....۱۴۰صفحات کی یہ کتاب نورانی مسجد سولجر بازار کراچی کے علاوہ مکتبہ غوثیہ سبزی منڈی کراچی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔مؤلف کا فون نمبر 0332-2793253

ایک اور فردوسی تحفہ حضرت مفتی بدر عالم مصباحی صاحب کا ہمیں موصول ہوا ہے جس کا نام..... فردوسِ نسواں ہے..... پہلے تو ہمیں خیال آیا کہ یہ اگر فردوس نسواں ہے تو کوئی فردوس مرداں بھی ہوگی..... لیکن پھر جلد ہی غلطی کا احساس ہوگیا کہ فردوسِ مرداں جس میں نسواں نہ ہوں وہ بھی کیسی فردوس ہوگی..... بہر کیف اس تصور سے نکل کر تصدیق کی طرف آتے ہیں کتاب خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ اپنے اندر جو فردوسی تحفے لئے ہوئے ہے وہ فاکھۃ و نخل و رمان کی بجائے نماز، حج روزہ و زکوٰۃ و دیگر ضروری امور پر مشتمل ہیں..... گویا یہ کتاب ہے خواتین کے ان مسائل پر جن کی انہیں روزمرہ زندگی میں ضرورت پیش آتی ہے..... ادارہ معارف نعمانیہ لاہور کی شائع کردہ یہ کتاب ۳۵ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مندرجہ ذیل پتا سے حاصل کی جاسکتی ہے..... ادارہ معارف نعمانیہ مرکزی جامع مسجد حنفیہ غوثیہ ۳۲۳ شادباغ لاہور......

رویت ہلال کے موضوع پر ایک کتاب العذب الزلال فی معرفۃ رویت الہلال کا اردو ترجمہ دو جلدوں میں شائع ہو چکا ہے..... رویت ہلال کے موضوع پر یہ ایک مفصل اور مدلل کتاب ہے جو مراکش و اندلس کے عالم جناب الحاج محمد بن عبدالوہاب ابن عبدالرزاق نے لکھی اس پر تحقیق و مراجعہ شیخ عبداللہ بن ابراہیم الانصاری قطری نے کیا..... اردو کے قالب میں ڈھالنے کا کام جناب خطیب محمد ظہیرالدین بھٹی صاحب نے کیا اور کتاب شیخ زاید اسلامک سینٹر کراچی سے شائع ہوئی..... ہزار صفحات سے زاید کی یہ کتاب شیخ زاید اسلامک سینٹر جامعہ کراچی سے طلب کی جاسکتی ہے......

عالم کی فضیلت

فضل العالم علی العابد كفضل القمر علی سائر الكواكب

(سنن ابو داود و ترمذی)

ایک عالم کو ایک عابد پر ایسی فضیلت حاصل ہے

جیسی کہ چاند کو دوسرے تمام ستاروں پر (حدث شریف)

جدید تحقیق کے مطابق..... انجکشن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا